مقامی سطح پر آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات

# تربیت کار کیلئے رہنماء کتاب

صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی، سندھ

# فہرست

دیباچہ......1

جائزہ......2

## ماڈیول-1: کمیونٹی تربیت کار / انسٹرکٹر بننا

سیشن-1 : کمیونٹی سطح کے کورسز کے لئے سبق کے منصوبے کی تیاری......8

سیشن-2: انعقاد۔ سی بی ڈی آر ایم ٹریننگ کورس......13

سیشن-3: تربیت کار کا کردار اور ذمے داریاں......17

## ماڈیول-2: آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات-ڈی آر ایم

سیشن-1: انعقاد۔ برادریوں کیلئے ڈی آر ایم آسان بنانا اور تشریح......24

سیشن-2: انعقاد۔ سی بی ڈی آر ایم کا تعارف اور کمیونٹی سطح پر اس کا عمل......27

سیشن-3: انعقاد۔ صوبہ سندھ میں کمیونٹیز کو منظم کرنا......31

سیشن۔4: انعقاد۔ آفات کے خدشات کی شراکتی عمل کے ذریعے جانچ پڑتال......35

سیشن۔5: انعقاد۔ کمیونٹی کے ساتھ مل کر آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات کی منصوبہ بندی......43

## ماڈیول-3: ہنگامی ردِ عمل (بنیادی طبی امداد، آگ بجھانا، تلاش و بچاؤ)

سیشن-1: انعقاد۔ سی ای آر ٹی تنظیم، کردار اور ترجیحات......53

سیشن-2: کمیونٹی ایمرجنسی ریسپانس ٹیم (سی ای آر ٹی) کی فراہمی۔ بنیادی امدادی کاروائیاں اور ترجیحات......57

سیشن-3: کمیونٹی ایمرجنسی رسپانس ٹیم (سی ای آر ٹی) کی فراہمی۔ ہلکے تلاش و بچاؤ-ایس اے آر۔ کاروائیاں اور ترجیحات......65

سیشن-4: کمیونٹی ایمرجنسی ریسپانس ٹیم (سی ای آر ٹی) کی فراہمی۔ آگ بجھانا اور آگ پر قابو پانا۔ کاروائیاں اور ترجیحات......69

# دیباچہ

پی ڈی ایم اے سندھ صوبے کے عوام کولاحق خطرات کو کم کرنے کے لئے منظم، بہتر تربیت یافتہ اور تیار برادریوں کی اہمیت کو جانتا ہے، اس لئے مقامی سطح پر آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات (سی بی ڈی آر ایم) کا فروغ پی ڈی ایم اے سندھ کے اہم مقاصد میں سے ایک ہے۔ PDMA سندھ کے سی بی ڈی آر ایم نقطہ نظر کو جاننے کیلئے ضروری ہے کہ کمیونٹی کے کاموں میں ہم آہنگی پیدا کرتے ہوئے کمیونٹی کے اندر ممکنہ خطرات کے بارے میں معلومات حاصل کی جائے، کمزور دفاعی صلاحیت کی نشاندہی، خطرات سے نمٹنے کے لئے اقدامات، نقشہ سازی کی صلاحیت، متعلقہ ردعمل کی مہارت، مقامی وسائل کی دستیابی، اور آفات کے خدشات میں کمی کیلئے مستقل مزاجی کو یقینی بنانا بہت ضروری ہے۔ اسی طرح ہنگامی ردعمل، سی بی ڈی آر ایم کا ایک ایسا حصہ ہے، جو صوبے کے دور دراز علاقوں (دیہاتوں) کے لئے خاص طور پر اہم ہے جہاں پیشہ ورانہ ہنگامی ردعمل کے اداروں اور صحت مراکز / ہسپتالوں تک فوری رسائی ممکن نہیں ہوتی۔

ماضی میں، متعدد سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں نے آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات اور ہنگامی ردِعمل (فوری طبی امداد، آگ بجھانے، تلاش اور بچاؤ) کیلئے تربیتی مواد تیار کیا اور کمیونٹیز کو تربیت فراہم کی ہے۔ تاہم، PDMA نے مشاہدہ کیا کہ یہ کام الگ تھلگ سے ہو رہا ہے اور تربیتی مواد کے معیار اور اسٹینڈرڈ کے لحاظ سے مختلف اسٹیک ہولڈرز کے مابین اتفاق رائے موجود نہیں ہے، اس وجہ سے صوبے بھر میں تربیتی مواد، دورانیہ، معیار اور نتائج خاص طور پر ہنگامی ردعمل (ابتدائی طبی امداد، آگ بجھانے اور تلاش اور بچاؤ) کے بارے میں مختلف اقسام کی معلومات، قابلیت اور مہارتیں موجود ہیں۔

اس لئے صوبے بھر میں کمیونٹیز اور مقامی سطح کی تنظیموں کی تربیت کیلئے مستقل مزاجی، معیار، اعلیٰ معیاری ڈیزاسٹر مینجمنٹ اینڈ ایمرجنسی ریسپانس (شروعاتی طبی امداد، آگ بجھانے اور تلاش اور بچانے) کا قیام یقینی بنانے کیلئے پی ڈی ایم اے سندھ عالمی بینک کی شراکتداری سے کام کر رہاہے۔ پی ڈی ایم اے سندھ، صوبے بھر میں مؤثر ڈیزاسٹر / ایمرجنسی مینجمنٹ سسٹم کے قیام کیلئے سندھ بھر میں ولیج / یونین کونسل ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیٹیز (وی / یو سی ڈی ایم سی) اور تربیت یافتہ کمیونٹی ہنگامی ردِعمل کی ٹیمیں (سی ای آر ٹی) بنانے کا ارادہ رکھتی ہے۔

اسی طرح کمیونٹیز کو متحرک کرنے اور ان کی صلاحیتوں میں اضافے کیلئے اعلیٰ معیاری نصاب کی روشنی میں کمیونٹیز کی تربیتی ضروریات کی نشاندہی اور صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے وسیع پیمانے پر مشاورت کی گئی۔ اس مینوئل میں موجود معلومات باہمی مشاورت اور جائزوں کے نتائج پر مبنی ہے، مزید براں کہ تربیتی مواد خصوصی طور پر صوبہ سندھ کے شہری اور دیہی علاقوں کی برادریوں کی ضروریات کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں 20-2019 کے دوران یہ پائلٹ پراجیکٹ سندھ کے 6 انتہائی حساس اضلاع میں شروع کیا جائے گا۔ یہ تصور کیا گیا کہ پائلٹ پراجیکٹ پی ڈی ایم اے سندھ کو وہ بنیاد فراہم کریگا جس کی بنا پر مواد کی نظر ثانی اور مزید بہتر بنانے سمیت دوسری سرگرمیاں شروع کی جاسکیں گی تاکہ صوبے بھر میں کمیونٹی کی ضروریات کے مطابق ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ اینڈ ایمرجنسی ریسپانس کا اعلیٰ معیاری نصاب تیار کیا جاسکے۔

سی بی ڈی آر ایم ٹریننگ مینوئل PDMA سندھ کی جانب سے اس سلسلے میں دوسری کتاب ہے۔ یہ مینوئل سی بی ڈی آر ایم کی شرکاء کے لئے رہنما کتاب میں نصاب کے نفاذ کے لئے معلومات اور رہنما اصول مہیا کرتا ہے، جو تین ماڈیولز پر مبنی ہے، پہلا ماڈیول خاص طور پر کمیونٹی کی سطح پر سی بی ڈی آر ایم تربیتی کورسز کے انعقاد جبکہ دوسرا اور تیسرا کمیونٹی کی سطح پر DRM اور ER تربیتی سیشن کی فراہمی کے لئے واضح رہنما ہدایات پر مشتمل ہیں۔

# جائزہ

**1. سی بی ڈی آر ایم ٹریننگ مینوئل-ٹریزز گائیڈ کا مقصد**

مینوئل کا بنیادی مقصد اپنے ہی ساتھی کمیونٹی میمبرز کی تربیت کے ذریعے مقامی برادریوں کو تربیت کار کی حیثیت سے تیار کرنا ہے جو مؤثر طریقے سے سی بی ڈی آر ایم کی شرکاء کے لئے رہنما کتاب کے نصاب کا نفاذ (آفات وخطرات انتظامات کے علم اور ہنگامی ردعمل کی مہارتیں) کر سکیں۔

**2-مقاصد**

تربیتی مینوئل کے اہم مقاصد برادری کی سطح پر تربیت کار تیار کرنا ہیں۔

- گاؤں اور یونین کونسل کی سطح پر آفت یا خطرے کی تشخیص سے اور اور آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات کی منصوبہ بندی کے لئے معلومات اور مہارت مہیا کرنا
- بنیادی ہنگامی ردعمل کی عملی مہارت (ابتدائی طبی امداد، آگ بجھانے، کھوج اور بچاؤ) سکھانا اور
- سندھ بھر کی کمیونٹیز کی گاؤں / یونین کونسل کی سطح پر ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیٹیاں (یوسی / وی ڈی ایم سی) منظم کرنا اور کمیونٹی کی سطح پر ہنگامی ردعمل ٹیمیں (سی ای آر ٹی) بنانا۔

**3-سیکھنے کے نتائج**

- سی بی ڈی آر ایم تربیتی سبق کا ایک جامع منصوبہ تیار کرنا
- آزادانہ اور تربیتی ٹیم کے حصے کے طور پر تربیتی پروگراموں کا انعقاد
- تربیتی سرگرمیوں کی نگرانی اور مشترکہ مشق / کام کا انعقاد (ابتدائی طبی امداد، آگ بجھانا، تلاش اور بچاؤ)
- برادری کی سطح پر مہارت کے ساتھ بنیادی طبی امداد، فائر فائٹنگ، ریسرچ اور حفاظتی مہارتوں کا مظاہرہ کرنا
- تربیتی پروگراموں کے دوران ہنگامی ردعمل کی عملی مہارتوں کی موثر اور محفوظ رہنمائی کرنا (ابتدائی طبی امداد، آگ بجھانے اور بچاؤ)

**4. اہمیت اور ضروریات**

سی بی ڈی آر ایم ٹریننگ مینوئل-تربیت کار کیلئے رہنماء کتاب میں شامل سیشنز آسان زبان، اچھی طرح وضاحتی مقاصد اور صاف خاکوں کو استعمال کرتے ہوئے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔

- صوبہ بھر میں کمیونٹی تربیت کار کو سی بی ڈی آر ایم کورس کی فراہمی میں آسانی پیدا کرنا
- معیاری سیشن کے خاکوں اور سبق کے منصوبوں کے ذریعہ یکساں سی بی ڈی آر ایم کورس کی فراہمی کو یقینی بنانا
- صوبہ بھر میں یکساں تربیتی معیاروں کو برقرار رکھنا خاص طور پر ہنگامی ردعمل کی مہارتیں
- صوبہ سندھ کے اندر مختلف قسموں کی تربیتی ضروریات کو پورا کرنا
- سندھ صوبے میں تمام کمیونٹیز کو سب سے بہترین تربیتی تجربہ فراہم کرنا اور یکساں تربیتی نتائج کو یقینی بنانا

**5. مواد**

سی بی ڈی آر ایم ٹریننگ مینوئل- تربیت کار کیلئے رہنماء کتاب PDMA سندھ کی جانب سے اس سلسلے میں دوسری کتاب ہے۔ یہ سی بی ڈی آر ایم ٹریننگ مینوئل- شرکا کیلئے رہنماء کتاب میں نصاب کے نفاذ کے لئے معلومات اور رہنما اصول مہیا کرتی ہے، جو تین ماڈیولز پر مبنی ہے، پہلا ماڈیول خاص طور پر کمیونٹی کی سطح پر سی بی ڈی آر ایم تربیتی کورسز کے انعقاد اور منظم جبکہ دوسرا اور تیسرا کمیونٹی کی سطح پر DRM اور ER تربیتی سیشن کی فراہمی کے لئے واضح رہنما ہدایات پر مشتمل ہیں۔

### ماڈیول-1 کمیونٹی تربیت کار/انسٹرکٹر بننا

- سیشن 1: برادری کے سطح کے کورسز کے لئے سبق کا منصوبہ تیار کرنا
- سیشن 2: برادری کی سطح پر سی بی ڈی آر ایم کورسز کا انعقاد
- سیشن 3: کمیونٹی کی سطح کے تربیتی نقطہ نظر اور تربیتی مہارتیں

### ماڈیول-2 آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات(DRM)

- سیشن-1 کا انعقاد: کمیونٹیز کے لئے ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ کی آسان تفصیلات
- سیشن-2 کا انعقاد: مقامی سطح پر آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات(CBDRM) کا تعارف اور اس کا عمل
- سیشن-3 کا انعقاد: صوبہ سندھ میں کمیونٹیوں کی تشکیل
- سیشن-4 کا انعقاد: شراکتی آفات کے خدشات کی جانچ پڑتال کا عمل
- سیشن-5 کا انعقاد: شراکتی آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات کی منصوبہ بندی

### ماڈیول-3 ایمرجنسی رسپانس(بنیادی طبی امداد، آگ بجھانے، تلاش اور بچاؤ)

- سیشن-1: کمیونٹی ایمرجنسی رسپانس ٹیم کی تشکیل، کردار اور ترجیحات
- سیشن-2: ابتدائی امدادی مہارتیں فراہم کرنا
- سیشن-3: تلاش اور بچاؤ کی مہارتیں فراہم کرنا
- سیشن-4: آگ پر قابو کی جانکاری اور مہارتیں فراہم کرنا

### 6. مطلوبہ سامعین / قارئین

امید ہے کہ اس مینوئل میں شامل معلومات خاص طور پر صوبہ سندھ کے دیہی اور شہری برادریوں کے ان تمام ممبرز کے زیر استعمال آئیگی جو برادری کی سطح کے تربیت کار بننے کی خواہش رکھتے ہوں۔

### 7. تربیت کار کے تربیتی کورس کے لئے شرائط

پی ڈی ایم اے سندھ کے زیر اہتمام سی بی ڈی آر ایم ٹریننگ کورس کی کامیاب تکمیل

### 8. سیکھنے کا دورانیہ

پی ڈی ایم اے سندھ کے زیر اہتمام سی بی ڈی آر ایم تربیتی کورس کی کامیاب تکمیل کو مدنظر رکھتے ہوئے کورس کی مجوزہ مدت 5 دن ہے، تربیت کے پہلے 3 دن کمیونٹی کی سطح پر سی بی ڈی آر ایم سیکھنے کے لئے وقف ہونے چاہئیں، جبکہ تربیتی کورس کے ٹریننگ آف ٹرینرز والے حصے کی شروعات چوتھے دن سے شروع ہوتی ہے اور پانچویں روز تک جاری رہتی ہے۔

**9. سی بی ڈی آر ایم مینوئل کا حصہ دوئم (ایمر جنسی رسپانس) سیکھانے کی اہلیت**

- کسی معتبر ادارے جیسے ریڈ کراس / کریسنٹ، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس اور دیگر کی طرف سے جدید فرسٹ ایڈ / سی پی آر تربیت کار کا سرٹیفیکیٹ
- کسی معتبر ادارے جیسے ریڈ کراس / کریسنٹ، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس اور دیگر سے ایمر جنسی رسپانس (آگ بجھانے تلاش اور بچاؤ) تربیت کار کا سرٹیفیکیٹ۔
- ایمر جنسی میڈیکل رسپانس تربیت کار کا سرٹیفکیٹ یعنی کسی معتبر ادارے سے ایڈوانسڈ لائف سپورٹ - ALS / بیسک لائف سپورٹ - BLS تربیت کار کا سرٹیفکیٹ۔
- ایمر جنسی نرسوں / پیرامیڈکس میں مصدقہ تربیت
- ہنگامی طبی رد عمل کے لئے انسٹر کٹر سرٹیفیکیٹ کے ساتھ ڈاکٹر
- PDMA سندھ کا مصدقہ مقامی سطح پر آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات (CBDRM) کا سرٹیفکیٹ

**10. تربیت کی فراہمی**

تربیت کاروں کو تربیت دینے کا کورس متعلقہ اضلاع میں قائم کلاس روم / ٹریننگ ہالوں میں فراہم کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ شرکا کو مستقل، اعلیٰ معیاری اور درست معلومات فراہم کرنے کے لئے مختلف فنی اقسام کے ذریعے سیشنز / اسباق منعقد کیے جائیں گے۔ معلومات کی فراہمی کے طریقے کار میں پریزنٹیشن، مشترکہ مشقیں، مہارتوں کے مظاہرے، مہارتیں سیکھنے کے سیشنز اور ہدایتی مباحثے کے ساتھ ساتھ بات چیت کے مختلف اقسام کو روایتی لیکچرز میں ضم کیا گیا ہے۔ جس سے شرکاء کو نئی معلومات حاصل کرنے اور تربیتی کورس کے مقاصد کو اچھی طرح سمجھنے کی مہارتیں اور قابلیت بڑھانے میں مدد ملے گی۔

# سی بی ڈی آر ایم ٹریننگ مینوئل - تربیت کار کیلئے رہنماء کتاب

**ماڈیول-1 کمیونٹی تربیت کار / انسٹرکٹر بننا**

- سیشن 1: برادری کی سطح کے کورسز کے لئے سبق کا منصوبہ تیار کرنا
- سیشن 2: برادری کی سطح پر سی بی ڈی آر ایم کورسز کا انعقاد
- سیشن 3: کمیونٹی کی سطح کے تربیتی نقطہ نظر اور تربیتی مہارتیں

**ماڈیول-2 آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات (DRM)**

- سیشن-1 کا انعقاد: کمیونٹیز کے لئے ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ کی آسان تفصیلات
- سیشن-2 کا انعقاد: مقامی سطح پر آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات (CBDRM) کا تعارف اور اس کا عمل
- سیشن-3 کا انعقاد: صوبہ سندھ میں کمیونٹیوں کی تشکیل
- سیشن-4 کا انعقاد: شراکتی آفات کے خدشات کی جانچ پڑتال کا عمل
- سیشن-5 کا انعقاد: شراکتی آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات کی منصوبہ بندی

**ماڈیول-3 ایمرجنسی رسپانس (بنیادی طبی امداد، آگ بجھانے، تلاش اور بچاؤ)**

- سیشن-1: کمیونٹی ایمرجنسی رسپانس ٹیم کی تشکیل، کردار اور ترجیحات
- سیشن-2: ابتدائی امدادی مہارتیں فراہم کرنا
- سیشن-3: تلاش اور بچاؤ کی مہارتیں فراہم کرنا
- سیشن-4: آگ پر قابو کی جانکاری اور مہارتیں فراہم کرنا

# مقامی سطح پر آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات

## سی بی ڈی آر ایم ٹریننگ مینوئل

## تربیت کار کیلیئے رہنماء کتاب

# ماڈیول-1

## کمیونٹی تربیت کار / انسٹرکٹر بننا

# سیشن-1

# کمیونٹی سطح کے کورسز کے لئے سبق کے منصوبے کی تیاری

### سیشن کا مقصد

اس سیشن کے اختتام پر، شرکاء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ سمجھیں اور جانیں:

- سبق کا مؤثر منصوبہ کیسے بنائیں
- سبق کی منصوبہ بندی کی اہم چیزیں
- سیکھنے کی سرگرمیوں کی مختلف اقسام

### 1. سبق کی منصوبہ بندی

سبق سرگرمیوں کا ایک مجموعہ ہے جس کو منعقد کرنے کیلئے منصوبہ بندی کی ضرورت ہوتی ہے۔ سبق کی موثر منصوبہ بندی میں وقت، لگن، سامعین کی قابلیتیں اور تربیتی مقاصد کے اہداف کی تشخیص ہوتی ہے۔ موثر تربیت کی فراہمی کے لئے ہر تربیت کار شرکاء کو جتنا ہو سکے معلومات حاصل کرنے کی طرف مائل کرنے کی سخت محنت کرتا ہے۔ کامیاب سبق کے منصوبے کا اندازہ وقت کے موثر استعمال، ترسیل کے طریقوں، گروپ ورک، اور آئس بریکر کے ذریعے شرکاء کو شامل کرنے سے لگایا جا سکتا ہے۔

سبق کا منصوبہ تربیت کار کے روڈ میپ کی حیثیت سے کام کرتا ہے جس کے ذریعے وہ مقررہ وقت میں تمام مؤثر تربیتی طریقے کار اپناتے ہوئے معلومات اور آگاہی فراہم کرتا ہے۔ اس منصوبے کی بنیاد پر، تربیت کار سیکھنے کی مناسب سرگرمیاں اور حکمت عملی تیار کرتا ہے۔ محتاط طریقے سے تخلیق کردہ سبق کے منصوبہ سے ہی تربیت کار اچھی طرح تیار اور مزید اعتماد کے ساتھ ٹریننگ ہال میں داخل ہوتا ہے جس سے کورس کے شرکاء کو معنیٰ خیز سیکھنے کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم ہوتے ہیں۔ ایک بہتر منصوبہ بندی کے تحت تربیت کار کو واضح سیکھنے کے مقاصد ڈیزائن کرنے ہوتے ہیں، سبق کی مدت کے متعلق جاننے، سبق کے مواد، تربیت کے طریقے جو وہ استعمال کریگا/کریگی، مختلف تربیتی معاونتیں جو شرکاء کے آراء اور تشخیص کے بعد استعمال میں آئینگی۔

### 2. سبق کا منصوبہ کیسے بنایا جائے؟

ایک اچھے سبق کا منصوبہ مختلف مراحل کو ذہن میں رکھتے ہوئے بنایا جاتا ہے، جیسے سیشن کی فراہمی سے پہلے، فراہمی کے دوران اور سیشن کے بعد۔ ان تمام مراحل میں فراہمی سے قبل کا مرحلہ نہائیت اہمیت کا حامل ہے۔

#### 2.1- سیشن کی فراہمی سے پہلے

#### 2.1.1: شرکاء کو جاننا

تربیت کار کو کورس کے شرکاء کے پروفائل کے بارے میں معلوم ہونا چاہئے جن کے لئے وہ سبق کا منصوبہ تیار کر رہا ہے۔ اس مقصد کے لئے تربیت کار تجربہ، مہارت، رویے، عمر، علم، ملازمت/پوزیشن، تعلیم، نئی ذمہ داریوں اور سیکھنے کی ضروریات کے بارے میں انفرادی طور پر پوچھ سکتا ہے۔ کورس کے شرکاء کا پروفائل جاننے کی بنا پر تربیت کار اپنا

سیشن فراہم کرنے کے مختلف انداز تیار کر سکتا ہے۔ اگر کوئی انسٹرکٹر شرکاء کی خصوصیات سے واقف ہے، تو وہ کورس کے شرکاء کو مشغول رکھنے اور بات چیت کے لئے قبل از وقت منصوبے کو منتخب کر سکتا ہے۔

### 2.1.2. سیکھنے کے مقاصد کی نشاندہی

سبق کی منصوبہ بندی سے قبل، تربیت کار کو سبق کے سیکھنے کے مقاصد واضح نشاندہی کرنی چاہئے۔ سیکھنے کا مقصد ہی بتاتا ہے کہ کورس کے شرکاء سے سیکھنے کی کیا توقع کی جا سکتی ہے۔ یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ سبق کے مقاصد اور جائزے کو چارٹ پر لکھ کر اسے ایک نمایاں جگہ پر لٹکا دیں۔ مقصد اور جائزہ ایک ایسی بنیاد کی حیثیت سے کام کرینگے جس پر سبق تیار کرنا ہے۔

### 2.1.3. مخصوص سیکھنے کی سرگرمیوں کا شیڈول بنائیں

سیکھنے کی سرگرمیوں کو ڈیزائن کرتے وقت، تربیت کار کو سرگرمیوں کی اقسام پر غور کرنا چاہئے کہ کس طرح کورس کے شرکاء کو مصروف رکھ کر ان کی علمی و مہارتوں کو کیسے اضافہ کرنی ہے۔ سیکھنے کی سرگرمیوں کا براہ راست تعلق کورس کے سیکھنے کی مقاصد سے ہونا چاہئے، ایسے تجربات فراہم کریں جو شرکا مشقوں میں مشغول رہ کر بہتر فہمی / صلاحتیں حاصل کر سکیں۔ سیکھنے کی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے، اس چیز کی منصوبہ بندی کریں کہ ہر سرگرمی کے لئے کتنا وقت درکار ہے۔ یاد رکھیں کہ وسیع تر وضاحت یا گفتگو بھی منصوبہ بندی کا حصہ ہونا چاہئے۔ سیکھنے کی سرگرمیوں کی تیاری کے وقت درج ذیل سوالات کارآمد ثابت ہو سکتے ہیں:

- میں عنوان کی وضاحت کے لئے کیا کروں؟
- عنوان کی مختلف طریقوں سے وضاحت کیلئے کیا کروں؟
- میں اس موضوع میں شرکاء کو کیسے مصروف رکھ سکتا ہوں؟
- وہ کونسی متعلقہ حقیقی زندگی کی مثالیں، منظرنامے یا حالات ہیں جو شرکاء کو مضمون سکھانے میں مدد فراہم کریں؟
- شرکاء کو موضوع اچھی طرح سمجھانے کیلئے ان کی کیا مدد کرنے کی ضرورت ہے؟

شرکا کو معنی خیز، مشغول، فعال اور تعمیری انداز میں سرگرم رکھنے کیلئے یہ ضروری ہے کہ ہر سبق میں سیکھنے کی ہر سرگرمی سبق کے تربیتی مقاصد کے مطابق ہونی چاہئے۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ شرکاء وہی یاد رکھ سکتے ہیں جو وہ سرگرمی میں شامل ہو کر سیکھتے ہیں اور انہیں کسی اور تناظر میں یا دوسرے مقصد کیلئے استعمال کریں۔

ٹیبل 1: سیکھنے کی سرگرمیوں کی مختلف اقسام

| سیریل | سیکھنے کی سرگرمی | وضاحت ور ہنمائی |
|---|---|---|
| 1 | تربیت کار کی جانب سے لیکچر اور پریزنٹیشن | سیشن شروع کرنے اور سیکھنے کے نکات اور مقاصد کی فراہمی کیلئے لیکچر ایک موٴثر طریقہ ہے۔ تاہم لیکچر شرکاء کے سیکھنے کیلئے غیر فعال طریقہ ہے، لہذا اسے وقفوں میں استعمال کیا جانا چاہئے۔ طویل لیکچر شرکاء کو بور کرنے کا باعث بن سکتے ہیں، جس کے اثرات موثر سیکھنے پر پڑ سکتے ہیں۔ |
| 2 | رہنمائی مباحثے / مشاورتی سیشنز | رہنمائی مباحثے معلومات اور مواد کی فراہمی کا ایک اور طریقہ ہے۔ سیشن میں کسی خاص جگہ پر رہنمائی مباحثے استعمال کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔ تربیت کار کو شرکاء سے سیشن کے مقاصد سے متعلق سوال کرنا چاہئے، اس کے جوابات کے نتیجے میں تمام شرکاء مباحثے میں شامل ہو سکتے ہیں۔ بحث کی ہر وقت نگرانی اور رہنمائی کریں اور کسی غلط تاثر کو درست |

| | | |
|---|---|---|
| | | کریں تاکہ آپ آگے بڑھ سکیں۔ تربیت کار اٹھائے گئے نکتوں کا رکارڈ رکھ سکتا ہے اور اگر ضرورت ہو تو اہم نظریات فلپ چارٹ پر لکھ لیں۔ |
| 3 | وڈیوز / تصاویر کا استعمال | لیکچرز کو تصاویر اور وڈیوز کی مدد سے فراہم کرنا ہمیشہ ایک اچھا تصور ہوتا ہے، انسانوں میں تصویری یادداشت زیادہ دیرپا اور سمجھنے میں آسان ہوتی ہے۔ جب بھی فوٹو یا وڈیو کا استعمال ہو، ہمیشہ اس کے مقصد اور موضوع کی وضاحت کریں کیونکہ لوگ آسانی سی ان کا غلط مطلب نکال سکتے ہیں۔ ایسے لوگوں، ایونٹس، واقعات اور موضوعات کی تصاویر / وڈیوز کے استعمال سے گریز کریں جو کو جذبات کو مجروح کریں۔ ہمیشہ غیر جانبدار اور مثبت موضوع کی تصاویر / وڈیوز استعمال کریں۔ |
| 4 | مشترکہ کام اور مشترکہ مشق | وہ مشترکہ سرگرمیاں جو شرکاء کو تازہ ترین معلومات کو استعمال کرتے ہوئے اور مسائل کے حل فراہم کریں ان کو مشترکہ کام / مشق کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ پورے کورس میں شامل کی گئی ہیں تاکہ اس سے شرکاء کورس کے نقطہ نظر کو اپنے ذاتی اور مقامی کمیونٹی کے تجربات سے جوڑ سکیں۔ یہ سرگرمیاں شرکاء میں باہمی رابطوں، ہم آہنگی اور ٹیم کے جذبے کو فروغ دینے کا ایک ذریعہ ہیں۔ کچھ سرگرمیوں کو مسئلہ حل کرنے اور مکمل کرنے کے لئے دو سے چار شرکاء کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ چھوٹی مشترکہ سرگرمیاں شرکاء کو ایک دوسرے کے علم اور تجربات کے استعمال سے سیکھنے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔ بڑی مشترکہ سرگرمیوں میں ایک بڑا گروپ یا پوری کلاس شامل ہوتی ہے۔ بڑی مشترکہ سرگرمیاں مسائل پر تبادلہ خیال کرنے اور کسی بھی مسئلے کو مختلف طریقے سے حل کرنے کے لئے سوچنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ مشترکہ سرگرمیاں کرتے وقت، آپ کو اپنے گروپوں کا سائز اور تشکیل دونوں بتانا چاہیئے۔ کسی مشترکہ سرگرمی کو انجام دینے کیلئے شرکاء کا ایک چھوٹا گروپ بنائیں۔ ہر سرگرمی کے لئے نئے گروپ بنائیں۔ ہر گروپ کے لئے گروپ کے ممبران کا ردوبدل کلاس ہم آہنگی اور ٹیم اسپرٹ کو فروغ دیتی ہے۔ |
| 5 | ہنگامی ردعمل مہارت سکھانے کے سیشنز (تلاش و بچاؤ، آگ بجھانے اور ابتدائی امداد) | ہنر سیکھنے کے سیشنز اس تربیتی کورس کا ایک اہم حصہ ہیں۔ سیکھنے کے سیشن کے دوران، شرکاء نئی مہارتیں سیکھتے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ کارکردگی اور بہتر سیکھنے کے نتائج حاصل کرنے کے لئے، مہارتی سیشنز کا اہتمام کرنا چاہیئے۔ ایک کامیاب مہارتی سیشن کے لئے، تربیت کار رہنمائی اور ہدایات فراہم کریں، مشق کا مناسب وقت، مثبت آراء اور اصلاحی تبصروں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیئے، اور ہنر سیکھنے کے سیشن کی نگرانی ہمیشہ احتیاط سے کریں۔ شرکا کی مدد کریں اور ان کی اصلاح کریں۔ وضاحت کے لئے تیار رہیں کہ کس طرح مہارت کو صحیح طریقے سے انجام دیا جاتا ہے اور خاص طور پر یہ طریقہ کیوں ضروری ہے، مثال کے طور پر سینے کے 30 دباؤ اور 2 ریسکیو سانسیں۔ مہارت سیکھنے کا سیشن مندرجہ ذیل طریقوں پر مشتمل ہے۔<br>• **تربیت کار کی زیر قیادت مشقیں:** تربیت کار کی زیر قیادت مشقوں کے دوران، تربیت کار شرکاء کی ہر مرحلے میں رہنمائی کرتا ہے اور شرکا کی مسلسل جانچ پڑتال کرتا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ وہ تمام اقدامات صحیح طور پر سرانجام دے رہے ہیں۔<br>• **پارٹنر پر مشتمل مشق:** پارٹنر پر بنی مشق کا طریقہ شرکاء کو ایک حقیقی فرد کی نگہداشت کرنے کا تجربہ فراہم کرنے کے لئے بے حد مفید ہے اور اس کا حقیقی زندگی کے حالات سے گہرا تعلق ہے۔ ایک پارٹنر زخمی یا بیمار جبکہ دوسرا نگہداشت کا کام سرانجام دیتا ہے۔ وہ مشق کے دوران ایک دوسرے سے سیکھتے ہیں اور خود کو درست کرتے ہیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| | | • **باہمی مشق:** باہمی مشق شرکاء کو جوڑے یا گروپ میں کام کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ وہ ایک دوسرے کا مشاہدہ کرتے ہیں، مہارت کا مظاہرہ کرتے ہیں اور رہنمائی اور آراء پیش کرتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ شرکاء اپنے ساتھی کی کسی مدد کے بغیر مہارت کا صحیح مظاہرہ کر رہا ہے۔ |
| 6 | عملی مظاہرے / کردار ادا کرنا | شرکاء کے سامنے کچھ خیالات، اشیاء، معلومات یا کسی مہارت کا اصلی مظاہرہ کر کے دکھائیں۔ یہ مظاہرہ ایک پیغام پہنچانے وال رول پلے / ڈرامہ بھی ہو سکتا ہے۔ یہ مظاہرہ حقیقی زندگی کا ہو سکتا ہے، یا آڈیو ویڈیو وزیوئل ڈیوائس کے ذریعے بھی دکھایا جاسکتا ہے جیسے: ٹی وی، لیپ ٹاپ یا ملٹی میڈیا۔<br>ہنگامی ردعمل کے مظاہرے میں قدم بہ قدم ہدایات دی جاتی ہیں کہ کس مہارت کو کیسے سرانجام دیا جاتا ہے۔ جیسے: سی پی آر، ضرورت کے مطابق متعدد بار اس عمل کو انجام دیا جاتا ہے۔ عموما عملی مظاہروں کو بہتر بنانے کے لئے زبانی ہدایات استعمال کی جاتی ہیں۔ |

### 2.1.4 شرکاء کی معلومات کا اندازہ لگانے کا منصوبہ

تشخیص جیسے ٹیسٹ سے پہلے اور بعد، معروضی / موضوعاتی سوالات، اور کارکردگی کے ٹیسٹ، شرکاء کو حاصل کردہ مہارت اور علم کا مظاہرہ کرنے کا موقع فراہم کرنا، اور تربیت کار کیلئے کہ وہ سیکھنے کی مزید رہنمائی کرنے کے لیے مزید آراء پیش کریں۔

### 2.1.5 سبق کی ترتیب کا منصوبہ بنائیں

دستیاب وقت کو موثر طریقے سے استعمال کریں اور سیکھنے کی مختلف سرگرمیوں کو منطقی ترتیب سے شامل کریں۔

### 2.1.6۔ حقیقت پر مبنی ٹائیم لائینز

وقت کے لحاظ سے اپنے اسباق کی منصوبہ بندی کرنا بہت ضروری ہے خاص طور پر جب مختص کردہ وقت کے مقابلے میں مواد بہت زیادہ ہو۔ تربیت کار سبق کے منصوبے کو مختلف حصوں میں توڑ سکتا ہے۔ اس سے تربیت کار کو باقی وقت میں سبق کی فراہمی تیز یا کم کرنے کی سہولت مل جاتی ہے۔

### 2.1.7 سبق کے مناسب اختتام کا منصوبہ بنائیں

سبق کا مناسب اختتام شرکاء کے سیکھنے کو مستحکم کرنے کا ایک موقع فراہم کرتا ہے۔ مناسب اختتام تربیت کار اور کورس کے شرکاء دونوں کے لئے مفید ہے۔ تربیت کار اس طرح سبق کو سمیٹ سکتا ہے:

- شرکاء کے فہم کی جانچ پڑتال کریں اور انھیں ہدایات دیں (اس کے مطابق سبق کے منصوبے کو تبدیل کریں)
- اہم معلومات اور سیکھنے کے نکات پر زور دیں
- ڈھیلے سروں کو باندھنا
- غلط فہمیوں کو دور کریں
- آئندہ عنوانات کا جائزہ لیں

انسٹرکٹر سبق کو کئی طریقوں سے سمیٹ سکتا ہے۔

- کلیدی نکات کی وضاحت کریں جیسے ("آج ہم نے بات کی...")

- شرکاء کو اہم نکات کا خلاصہ بیان کرنے میں مدد کرنے کے لئے کہیں۔
- تمام شرکا کو سبق کے اہم نکات لکھنے کا کہیں۔

## 2.2۔ سبق کا منصوبہ پیش کرنا (سیشن کے دوران)

مثبت توانائی، اعتماد اور جوش و خروش کے ساتھ پیش کریں۔ اپنی آواز اور ترسیل کی رفتار کو صورتحال کے مطابق رکھیں۔ ہمیشہ شرکاء کو یہ بتانے سے شروع کریں کہ وہ کیا سیکھ رہے ہوں گے اس سے انہیں مزید مصروف اور ٹھیک رستے پر رکھنے میں مدد ملے گی۔ سیشن ٹائم کو معنی خیز طریقے سے منظم کریں اس سے شرکاء کو نہ صرف بہتر یاد رکھنے میں مدد ملیے گی بلکہ تربیت کار کی پریزنٹیشن کی پیروی بھی کریں گے اور منصوبہ سیکھنے کی سرگرمیوں کو بھی سمجھ سکیں گے۔ تربیت کار اپنے سبق کے منصوبے کو ایجنڈا کی صورت میں وائٹ بورڈ پر بھی لکھ سکتے ہیں تاکہ شرکا کو واضح طور پر پتہ چلے کہ وہ آنے والے سیشن میں کیا سیکھیں گے۔ اپنی پریزنٹیشن کے دوران ہمیشہ لچکدار رہیں اور اسباق کی منصوبہ بندی کو شرکاء کی ضروریات کے مطابق تبدیل کرنے کے لئے تیار رہیں، ہمیشہ اصل منصوبے پر قائم رہنے کے بجائے نتیجہ خیز چیزوں پر زیادہ توجہ دیں۔ ٹیبل نمبر 1 میں دی گائیڈ لائنز کی پیروی کریں اور سیکھنے کی مختلف سرگرمیاں انجام دیں۔

## 2.3۔ سبق پلان پر روشنی ڈالیں (سیشن کے بعد)

ہر سیشن کے بعد چند منٹ نکالیں اور اپنے کام پر باریک بینی سے غور کریں کہ کیا کام ٹھیک ہوا اور کیوں ہوا، ایک تربیت کار یہ کام مختلف انداز سے کیسے کر سکتا ہے۔ سیشن کی کامیاب اور ناکام سرگرمیوں اور وقت کی نشاندہی کریں اس سے کلاس روم کی ہنگامی صورتحال کو ایڈجسٹ کرنا میں مدد ملے گی۔ اگر ضرورت ہو تو سبق کے منصوبہ پر نظر ثانی کر لیں۔

# سیشن-2

## انعقاد

## سی بی ڈی آر ایم ٹریننگ کورس

### سیشن کا مقصد

اس سیشن کے اختتام پر، شرکاء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ تربیت کے عمل کو سمجھیں اور جانیں گے اور مقامی سطح پر آفات کے خدشات سے نمٹنے کے انتظامات (سی بی ڈی آر ایم) کے کورس کے کامیاب انعقاد کے لئے ضروری تربیتی تیاری کریں۔

### 1. تعارف

اس سیشن میں ہم اس بات پر تبادلہ خیال کریں گے کہ سندھ میں کمیونٹیوں کے لئے ایک موثر CBDRM تربیتی کورس کا انعقاد کیسے کریں۔ اس طرح کے سی بی ڈی آر ایم کورسز کے سامعین کا ہدف کمیونٹی کے رضاکار، مقامی حکومتی نمائندے، برادری کے معززافراد اور مقامی سطح پر ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیٹیاں ہیں۔ یہ CBDRM ٹریننگ کورسز انہیں نظریات و معلومات فراہم کرنے اور کمیونٹی سطح پر اس کے مؤثر نفاذ کے اقدامات پر عمل پیرا ہونے کیلئے ضروری ہیں۔

آسانی سے سمجھنے کے لئے، کمیونٹی سطح کے سی بی ڈی آر ایم ٹریننگ کورس کی تین مختلف مراحل میں درجہ بندی کی گئی ہے، یعنی تربیتی کورس سے پہلے، درمیان اور بعد میں۔

### 2. سی بی ڈی آر ایم ٹریننگ کورس کے انعقاد سے پہلے

کامیاب CBDRM تربیتی کورس کے انعقاد کیلئے مندرجہ ذیل پیشگی تربیتی سرگرمیوں کو یقینی بنانا چاہیے:

- مناسب تاریخوں اور کورس کے دورانیے کا انتخاب: کورس کی فراہمی کا فیصلہ کرتے وقت مناسب اوقات اور تاریخوں کو ذہن میں رکھیں کیونکہ کمیونٹی ممبران کاشتکاری یا کٹائی میں بھی مصروف ہوسکتے ہیں یا ان کی کوئی اور بھی مصروفیات ہوسکتی ہیں جس کے باعث وہ کورس میں شرکت کے قابل نہ ہوں یا دلچسپی نہ رکھتے ہوں۔
- ہر سیشن کے لئے حتمی ایجنڈا اور تفصیلی اسباق کی تیاری کرنا جیسا کہ پہلے بیان ہوا ہے
- مناسب تربیتی مقام کا انتخاب: پنڈال کمیونٹی سے دور نہیں ہونا چاہئے کیونکہ کمیونٹی کے لئے روزانہ سفر کرنا مشکل ہوگا جب تک کورس کے شرکاء کے روزانہ لانے اور واپس جانے کا انتظام نہ ہو۔
- تربیتی مواد کی تیاری سادہ مقامی زبان اور بہت ساری تصاویر، مثالوں، کہانیوں اور خاکوں پر مشتمل ہو۔
- اہم سرگرمیوں کو اجاگر کرنے کیلیے چیک لسٹ بنائیں اور ٹیم ممبروں کے ساتھ پیشرفت کی نگرانی کے لئے روزانہ اجلاس کریں۔
- تشخیص کی تیاری (ٹیسٹ سے قبل اور بعد)، کورس لاجسٹکس جن میں رجسٹریشن فارم، تشخیصی فارم، شرکاء کے علیحدہ فولڈرز اور تمام تربیتی مواد کی ہارڈ کاپیاں بشمول کورس کے ایجنڈے کی کاپیاں۔
- شرکاء کی دعوت کے لئے متعلقہ تنظیم کے ساتھ قریبی رابطہ کو فروغ دینا۔

- شرکا کی فہرست تیار کریں۔ تربیت کار تجربہ، مہارت، رویے، عمر، علم، ملازمت / پوزیشن، تعلیم، نئی ذمہ داریوں اور سیکھنے کی ضروریات کے بارے میں انفرادی طور پر پوچھ سکتے ہیں۔
- اسٹیشنری اور تربیتی سامان کی فہرست بنانا اور ان کا پہلے سے بندوبست کرنا۔
- آڈیو / ویڈیو، اور ضروری اسٹیشنری اشیاء بشمول فلپ چارٹ، فلپ اسٹینڈز اور مطلوبہ مارکر وغیرہ کا بندوبست کرنا
- سیشنز کے مطابق تربیتی معاونتوں کا بندوبست کریں جس میں مینیکن، فرسٹ ایڈ ٹریننگ باکس اور آگ بجھانے کے آلات شامل ہو سکتے ہیں۔

### 3. کورس کی ترسیل کے دوران

ایک بار جب تمام تیاری مکمل ہو چکی ہو اور کورس کی اصل ترسیل شروع ہو جائے تو مندرجہ ذیل اہم سرگرمیاں کورس کی آسانی سے فراہمی کو یقینی بناتی ہیں۔

- کلاس روم میں انتظامات کا خیال رکھیں جس میں لائٹ، ملٹی میڈیا، اسکرین، وائٹ بورڈ، متعلقہ مارکر اور دیگر اسٹیشنری آئٹمز اور رسد کا انتظام کرنا۔
- پہلے دن ترجیحی سرگرمی کے طور پر پری ٹیسٹ کا انتظام کرنا تاکہ شرکاء کی فہمی سطح کا اندازہ ہو سکے۔ سوالنامہ کئی جوابات کے ساتھ آبجیکٹو ٹائپ ہونا چاہئے۔
- تربیت کے دوران وقت کا انتظام شرکاء کے ساتھ ساتھ تربیت کاروں کے لئے بھی بہت ضروری ہے۔ کمیونٹی سطح کے کورسز پر یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ لاجسٹکس اور کورس کی ہموار فراہمی میں معاونت کے لئے انتظامی ٹیمیں تشکیل دی جائیں، انتظامی ٹیموں کی اہم ذمہ داریاں درج ذیل ہیں۔
    - پچھلے دن کا جائزہ لیں اور دن کی سرگرمی جاری رکھیں
    - لوگوں کو بروقت جمع کریں
    - ہر سیشن اور وقفوں کے اوقات کا انتظام
    - انتظامی تعاون اور کلاس روم انتظامات (ہینڈ آؤٹس اور مواد کی تقسیم، روزانہ بیٹھنے کا انتظام تبدیل کرنا- مختلف تنظیموں کے مختلف لوگ)
    - حوصلہ افزائی کریں، مصروف رکھیں دوسری صورت میں ساتھیوں کو بیدار کریں، شرکاء کی توانائی کی سطح دیکھیں اور بعد میں آئس بریکر تیار کریں
    - انتظامی اعلانات کریں۔

- روزانہ دہرائی کریں اور خلاصے اور بنیادی نکتوں کے ساتھ دن کے سیشن کا اختتام کریں
- تربیت کار کا لباس بہت اہم کردار ادا کرتا ہے، لہذا یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ تربیت کار کو کورس کی فراہمی کے دوران مقامی لباس پہننا چاہئے اور معاشرتی اصولوں کا احترام کرنا چاہئے۔
- برادری کے مقامی رسم ورواج اور روایات کا احترام کریں اور اگر ضرورت ہو تو مرد اور خواتین ممبروں کی علیحدہ تربیت کا منصوبہ بنائیں۔
- تربیتی کورس بہت عملی اور حصہ لینے والا ہونا چاہئے جس میں کافی تعداد میں مشترکہ مشقیں، گروپس پریزنٹیشنز، باہمی رابطے کی پریزنٹیشنز، عملی مشقیں اور آئس بریکر ہوں۔ مزید یہ کہ، تصاویر، عکاسی، کہانیوں، آڈیو / ویڈیو کا استعمال کرنے اور انسٹرکٹر کے ذریعے رول پلے کی انتہائی سفارش کی جاتی ہے۔
- تربیت کار کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ مقامی زبان کے ساتھ آسان الفاظ / جملے استعمال کریں۔ نازیبا اور تکنیکی الفاظ سے گریز کریں۔
- عام طور پر کمیونٹی لیول کورس میں پاور پوائنٹ / ملٹی میڈیا کا استعمال مشکل ہوتا ہے۔ بطور ایک متبادل منصوبہ، فلپ چارٹ، سیاہ / سفید بورڈ کا استعمال کریں۔
- گروپ ورک اور گروپ پریزنٹیشنز کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ شرکاء کو فعال شرکت کے ساتھ اپنی صلاحیت دکھانے کا موقع ملے. شرکاء کو بولنے کا موقع دیں تاکہ وہ اپنے تجربات بتا سکیں۔
- تربیت حاصل کرنے والوں کی عملی تفہیم کو وسیع کرنے کیلئے فیلڈ اور تدریسی دوروں کا انتظام کریں

- سیکھنے کا مناسب اور آرام دہ ماحول پیدا کریں، کثرت سے شرکاء کی لیں اور اگر کوئی ایسی چیز جس میں بہتری کی ضرورت ہو تو فوری طور پر عمل کریں۔
- دن کے اختتام پر سیشن سمیٹنے کے وقت شرکاء کا شکریہ ادا کرنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا نہ بھولیں
- آخری روز پوسٹ ٹیسٹ اور کورس کی تشخیص کا اہتمام کریں۔

### 4. کورس کے بعد

- تشخیصی فارم کا تجزیہ، ٹیسٹ سے قبل اور بعد۔
- کورس کی تکمیلی رپورٹ تیار کریں۔
- تربیت کار اور شرکاء کی ڈائریکٹری تیار کریں جس میں تصاویر، نام، عہدہ، موجودہ پوزیشن اور رابطے کی تفصیلات شامل ہوں۔
- کورس کی رپورٹ میں شریک افراد کے عمومی تبصروں کو شامل کرنے کو یقینی بنائیں۔
- کورس کی رپورٹ میں تربیت کار کے مشاہدے اور مستقبل کے کورس کی کاروائیوں کیلئے سفارشات بھی ہونی چاہئیں
- سبق سیکھنے، تجزیے اور مستقبل کی منصوبہ بندی کیلئے کورس کی تشخیص کے نتائج تربیت کار اور منتظمین کے ساتھ بھی شیئر کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

# سیشن-3

# تربیت کار کا کردار اور ذمے داریاں


## سیشن سیکھنے کے مقاصد

سیشن کے اختتام پر، شرکاء سے جاننے کی توقع کی جاتی ہے کہ:


- کمیونٹی ٹریننگ کورس کامیابی کے ساتھ چلانے کے لئے ٹرینرز مینوئل کا استعمال کیسے کریں
- کمیونٹی ٹریننگ کورسز کے انعقاد کے وقت اہم عوامل پر غور کرنا ہے
- کمیونٹی تربیت کار کے اہم کردار اور ذمہ داریاں

### 1. ٹرینرز مینوئل کا استعمال-ہدایت نامہ

اسباق کے اگلے منصوبوں میں شامل نکات ان بنیادی تصورات اور مخصوص مواد کی نمائندگی کرتے ہیں کہ تربیت کار سیکھنے کے مقاصد کو پورا کرنے اور مہارت کے سیشنوں کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرنے کے لئے شرکا سے بات چیت کرے۔ماڈیول نمبر 1 اور 2 میں لیکچر پوائنٹس موجود ہیں تاکہ ان کو سمجھ جائے اور ان کی پیروی کی جاسکے۔تربیت کار اپنے بولنے کے فطرتی انداز اور شرکا کی تفہیمی سطح کے مطابق سیشن کے مواد کو تبدیل کر سکتا ہے۔تربیت کاروں کو لیکچر پوائنٹس کے مطابق مقامی زبان میں پاور پوائنٹ پریزنٹیشن یا فلپ چارٹ تیار کرنا چاہیئے۔شرکاء کے حصول علم میں مدد کے لئے لیکچرز کو ہمیشہ بصری امداد اور عملی مظاہرے کے ساتھ پورا کیا جانا چاہیئے۔



اسی طرح، گروپ مشقوں کے انعقاد، مہارت سیکھنے کے سیشن اور شرکاء کے ذریعہ اجتماعی کام کے اقدامات پر عمل کرنے میں آسانی سے وضاحت کی گئی ہے اور تفصیلات بھی بیان کی گئی ہیں۔ مشترکہ مشق، زیر رہنمائی مباحثے اور عملی مظاہرے اس طرح تیار کئے گئے ہیں کہ وہ سبق کے مقاصد سے مطابقت رکھتے ہیں اور ضروری معلومات اور صلاحیتوں کو فروغ دیتے ہیں جو شرکاء کو حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ ان سرگرمیوں سے تربیت کار / ٹرینر کو بھی موقع ملتا ہے کہ وہ شرکاء کے موضوع کے بارے فہم کا قریب سے جائزہ لے سکے۔ ان سرگرمیوں کو ڈیزائن کے مطابق منعقد کرنا ہے اور ان کو تبدیل یا ترک نہیں کیا جاسکتا۔ وقت کی کمی کو پورا کرنے کے لئے معذور افراد کے شرکاء کی سہولیت کے لئے ترمیم (اگر ضروری ہو تو) کی جاسکتی ہے۔




کورس کو ایک ترقی پسندانہ انداز میں ترتیب دیا گیا ہے تاکہ شرکاء کو ایک متوقع ترتیب میں سیکھنے کے ساتھ ساتھ مشق کرنے کے لئے کافی وقت مل سکے۔ لہذا، تربیتی کورس کے مقاصد پر پورا اترنے کے لئے کورس کی ہدایات اور اسباق کے منصوبوں پر عمل کرنا ضروری ہے۔ سہولیات کی دستیابی یا پنڈال کی رکاوٹیں، حصہ لینے کا تناسب، سازوسامان کا تناسب یا شرکاء کی تعداد کی ضروریات ترقی اور معیار کو برقرار رکھنے کیلئے سیشن کے خاکہ میں مطابقت پیدا کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ تربیت کو اپنانے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ اس مواد کو شامل، حذف یا تبدیل کرسکتے ہیں۔ ہمیشہ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ ایک کامیاب تربیت کار شرکاء کے پس منظر اور محرک کو سمجھتا ہے اور اسی کے مطابق اپنے تدریسی طرز (کورس میں نہیں) میں ترمیم کرسکتا ہے۔

## 2۔ کمیونٹی تربیتی کورسز کے انعقاد کے وقت جن عوامل پر غور کرنا ہے

### 2.1۔ تجویز کردہ شرکاء کی تعداد اور تربیت کاروں اور شرکاء کا تناسب

زندگی بچانے کی مہارت جیسے تلاش و بچاؤ کی تربیت کے دوران، آگ بجھانے اور اور بنیادی طبی امداد میں تربیت کار اور شرکاء کا مثالی تناسب 6:1 ہوتا ہے، تاہم، کیونکہ یہاں کا مقصد برادری رضاکاروں کو زندگی بچانے کی مہارت کی تربیت دینا ہے، اس بنیاد پر یہاں پر سفارش کردہ تناسب 1:10 ہے، یہ کسی بھی حالت میں نہیں بڑھانا چاہئے۔ لہذا، تیس شرکاء کی کلاس کیلئے فرسٹ ایڈ / ایمرجنسی رسپانس کے اہل کم از کم تین تربیت کار ضروری ہیں۔

## 2.2۔ تربیتی امداد کی تجویز کردہ تعداد

ہنر سیکھنے کے سیشن کے لئے مناسب مقدار میں تربیتی امداد ضروری ہے۔ سی پی آر سیشن کے لئے بالغ پتلوں کا تناسب 2 شرکاء کیلئے ایک پتلہ تجویز کیا گیا ہے، تاہم اس کمیونٹی تربیتی کورس میں کم سے کم 4 بالغ اور 4 چھوٹے پتلوں کی دستیابی ضروری ہے۔پتلوں کی محدود تعداد کی وجہ سے تربیت کار سے گزارش ہے کہ وہ انہیں آلودگی سے بچائے اور اچھی طرح سے جراثیم سے پاک رکھنے کو یقینی بنائیں۔

## 2.3۔ ایک ٹریننگ ہال/کلاس روم کی جگہ کی ضروریات

یہ تربیتی کورس کمیونٹیز کو متعلقہ اضلاع میں کلاس روم/ٹریننگ ہالز میں فراہمی کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ کورس پروگرام کے لئے ایک کلاس روم کی ضرورت ہوتی ہے جو لیکچرز، بصری آلات کا استعمال، چھوٹی مشترکہ سرگرمیاں، کردار ادا کرنے کی سرگرمیاں، پریزنٹیشن، عملی مظاہرے اور ہنر سیکھنے کے سیشن کے لئے موزوں ہو۔تربیتی ہال/کلاس روم کو محفوظ، آرام دہ اور مناسب سیکھنے کا ماحول فراہم کرنا چاہیئے۔کمرہ اچھی طرح سے روشن اور ہوادار ہونا چاہیئے آرام دہ اور پرسکون درجہ حرارت اور بیٹھنے کی کشادہ اراضی ہونی چاہیئے، جو خلفشار سے پاک ہو۔ معاشرتی ماحول میں بعض اوقات کھلی جگہوں جیسے شیڈز اور کیبن وغیرہ میں بھی تربیت منعقد کی جاسکتی ہے۔ یاد رکھیں کہ کچھ سرگرمیوں میں موڑنے، گھٹنے ٹیکنے اور فرش پر لیٹنے کی ضرورت بھی ہوتی ہیں۔ اگر قالین دستیاب نہیں ہیں تو، صاف ستھرے فرشی میٹس اور چادریں تربیت کی فراہمی کا حصہ ہونا چاہئیں۔ بہر حال، ہمیشہ یاد رکھیں کہ سیکھنے میں زیادہ سے زیادہ افادیت اس وقت ہوتی ہے جب شرکاء آرام دہ اور محفوظ ہوں۔

## 2.4۔ مواد، سامان اور متعلقہ اشیاء

تربیت کار کی اہم ذمہ داریوں میں سے ایک یہ ہے کہ تربیتی کورس شروع ہونے سے پہلے تربیتی اشیاء کا بندوبست کرے۔ تربیت کار کو تربیتی کورس کے دوران تربیتی اشیاء کی کمی، استعمال اور نقصان کو بھی مدنظر رکھنا ہے، تاکہ ان کا پہلے سے اہتمام کیا جاسکے اور منصوبہ بندی کے مطابق سیشن بغیر کسی رکاوٹ کے آگے بڑھ سکے۔ ہر سیشن پلان کے آغاز میں مخصوص تربیتی اشیاء، سازوسامان اور تربیتی امداد کا ذکر کیا گیا ہے۔

## 2.5۔ شرکاء کی تشخیص اور تجزیہ

پہلے اور بعد کے ٹیسٹ، معروضی/موضوعاتی سوالات اور پرفارمنس ٹیسٹ جیسے تشخیص اور تجزیے شرکاء کو حاصل کردہ علم اور صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں اور اساتذہ کے لئے وہ آراء پیش کرتے ہیں جو سیکھنے کی مزید رہنمائی کرسکتے ہیں۔ پی ڈی ایم اے سندھ کے ساتھ ملکر پیشگی حتمی شکل دینے کیلئے کسی شرکت کنندہ کو معلومات اور ہنر کی سطح/کم سے کم معیار کے مطابق کسی کوچنگ یا مدد کے بغیر ہنر مندانہ طور پر اقدامات اور صلاحیتوں کو انجام دینے اور ان کے قابل ہونا لازمی ہے۔ یہ عنصر کورس کی ضروریات کو مکمل کرنے اور تکمیلی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے تشخیص اور تجزیے کے عمل میں رہنمائی کرے گا۔

## 3. تربیت کار کے کردار اور ذمہ داریاں

بطور تربیت کار آپ کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں:

(1) اپنے سیشنز کی مشق اور اچھی طرح تیار ہوں

(2) کورس ڈیزائن کے مطابق تربیتی کورسز کا انعقاد کریں جیسے CBDRM ٹریننرز مینوئل میں بتایا گیا ہے

(3) سبق آموز ڈیزائن کے مطابق درس دیں اور تمام نصابات، پالیسیوں اور طریقہ کار کی پیروی کریں جیسا کہ سی بی ڈی آر ایم ٹرینرز مینوئل میں بتایا گیا ہے۔

(4) مواد اور تربیتی آلات کے مؤثر استعمال کے بارے میں واقفیت ہو

(5) تربیت کے آغاز سے کم از کم ایک دن پہلے تربیتی مقام کا دورہ کریں

(6) یقینی بنائیں کہ تمام تربیتی مواد، تربیت کی امداد اور سامان مکمل اور کارآمد ہیں
(7) ایسا مناسب ماحول پیدا کریں جو سیکھنے کے مقاصد کے حصول کے لئے موزوں ہو
(8) کورس کے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے شرکاء کو تیار کرنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا
(9) شرکاء کو کورس اور بطور تربیت کار آپ کی کارکردگی کو جانچنے کا موقع فراہم کریں
(10) شرکاء کے تجربات اور صلاحیتوں سے مطابقت رکھتے ہوئے اپنی تدریسی روش اور انداز کو اپنائیں
(11) ان شرکاء کی نشاندہی کرنا جنھیں سیکھنے میں مشکل پیش آسکتی ہے ان کو کورس مقاصد حاصل کرنے میں مدد کیلیئے اپنی مؤثر حکمت عملیاں اپنائیں۔
(12) ان شرکاء سے باخبر رہیں جنہیں صلاحیتوں کو انجام دینے میں کوئی جسمانی یا ذہنی دشواری پیش آتی ہو اور آپ کسی بھی قسم کی معذوری والے شرکاء سے بھی واقف ہوں
(13) شرکاء کو علم اور مہارت کی جانچ کے طریقہ کار اور کورس کی تکمیل کی ضروریات کے بارے میں آگاہ کریں۔
(14) شرکاء کا تجزیہ کریں جب وہ مہارت کا مظاہرہ کریں اور جب وہ مہارت کی مشق کریں تو رہنمائی کرتے ہیں اور وقت پر، مثبت اور اصلاحی آراء پیش کرتے رہیں۔
(15) ممکنہ تربیت کار امیدواروں کی نشاندہی کریں اور انہیں PDMA سندھ کا حوالہ دیں
(16) تربیت کار کی رہنماء کتاب میں شامل تمام قواعد اور فرائض کی پابندی کریں،
(17) شرکاء کی صحت و حفاظت کی فراہمی کیلیئے یقینی بنانا:

- انسانی پتلے اور چادریں صحت کے سفارش کردہ معیارات کے مطابق اچھی طرح صاف اور آلودگی سے پاک ہیں۔
- کورس آلات (طبی اور فوری امدادی اشیاء) صاف اور کارآمد ہیں
- شرکاء صحت سے متعلق احتیاطی تدابیر اور وبائی امراض کی منتقلی سے متعلق ہدایات سے آگاہ ہیں
- سرگرمیوں کی قریبی اور محتاط نگرانی جس میں شرکاء کے مابین قریبی جسمانی رابطہ ہو سکتا ہے
- تربیتی کورس کے دوران پھسلنے / ٹھوکر اور گرنے سے ہونے والے زخموں سے نمٹنے کیلیئے تمام ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں
- ہر طرح کے مظاہرے میں تمام ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں جن میں آگ بجھانا، تلاش اور بچاؤ کی مہارت شامل ہیں۔

## 4. کامیاب عملی مظاہرے اور مشقی سیشنز کے انعقاد کے لئے نکات

### مظاہرے

(1) کلاس کا بندوبست ترح کریں تا کہ ہر شریک کو عملی مظاہرے کو دیکھنے کے لئے کافی گنجائش ہو (ویڈیو یا انسٹرکٹر کے ذریعے)
(2) تمام ہنری مظاہرے کم رفتار سے اور قدم بہ قدم کیے جائیں
(3) مظاہرہ کرنے والا یا دوسرا تربیت کار مہارت کے مظاہرہ کے دوران ہر قدم پر زبانی طور پر وضاحت کرتے رہیں
(4) تربیت دینے والوں کو یہ یقینی بنانا ہو گا کہ اس میں شامل تمام اقدامات سے شرکاء واقف ہیں۔
(5) مہارت (مظاہرہ) کو متعدد بار دہرایا جا سکتا ہے جب تک کہ تربیت کار کو یقین نہ آجائے کہ اسے سمجھا جا چکا ہے
(6) شرکاء اگر مہارت کے کسی حصے کو انجام دینے میں یقین نہیں رکھتے تو انھیں سوالات پوچھنے کی ترغیب دیں اور اس کی وضاحت کیلیئے کافی وقت دیں۔

## مہارت سیکھنا-پریکٹس سیشنز

(1) پہلے سے ہی کلاس روم میں مہارت کی مشق کیلئے بندوبست کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کلاس میں شریک افراد کی تعداد کے لئے مناسب مقدار میں تربیتی امداد، سازوسامان اور اشیاء موجود ہیں۔

(2) ہر شریک کو مہارتی مشق کی اس وقت تک اجازت دیں جب تک وہ کارکردگی کے معیار کے مطابق مہارت حاصل نہ کرلیں۔

(3) مہارتی سیشن کی لمبائی مہارت اور تربیت امداد کی تعداد کی بنا پر مختلف ہوگی کیونکہ ہر شریک کی سامان کے استعمال کی باری آتی ہے جیسے پُتلہ وغیرہ۔

(4) بحیثیت تربیت کار آپ کا سب سے مشکل چیلنج یہ ہے کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ شرکاء صحیح طریقے سے مشق کریں۔ مشق کرتے وقت شرکاء کی غلطیاں کی مستقل نگرانی کریں۔

